اردو (لازمی)

۲۰۱۹

دہم کلاس کراچی بورڈ

کل نشانات: ۶۰

وقت: ڈھائی گھنٹے

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات) (۳۵)

سوال ۲۔ درج ذیل میں سے کسی تین کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:-

(۱) حضرت علیؓ نے آل حضرتؐ کے کیا اخلاق بیان فرمائے؟

(۲) روشنی نامی کتاب کس نے لکھی اور اس میں کن باتوں کا تذکرہ کیا گیا ہے؟

(۳) نام دیو کو بچوں کے علاج میں کیسے مہارت حاصل ہوئی؟

(۴) دنیا میں قومیت کی تشکیل کے دو بنیادی نظریہ کون کون سے ہیں؟

(۵) حسن آرا مزاج کے لحاظ سے کیسی تھی؟

سوال ۳۔ مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ مصنف کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے:- (الف) رشتہ ناتا (ب) بوڑھی کاکی

سوال ۴۔ درج ذیل اشعار میں سے کسی تین کی تشریح شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے

(۱) رگوں کے دوڑنے پھرنے کے ہم نہیں قائل — جب آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو پھر لہو کیا ہے

(۲) دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا — ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے

(۳) [illegible] گور سکندری نہ ہے قبر دارا — مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

(۴) [illegible] تھا جس سے گداز — اب دلوں میں وہ حرارت ہی نہیں

(۵) کیا راہ بدلنے کا [illegible] — جس راہ سے چلے تیرے در و بام ہی آئے

سوال ۵۔ اپنے دوست کو ایک خط لکھیے جس میں ممتاز [illegible] کا ذکر کرتے ہوئے قومی ہمدردی کی اہمیت بیان کیجیے

---یا---

کسی اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھیے۔ جس میں کراچی میں پانی اور گیس کے بحران کا ذکر کرتے ہوئے بہتری کی تجاویز تحریر کیجیے۔

سوال ۶۔ ڈرامہ یا مرثیہ میں سے کسی ایک صنف ادب کی تعریف تحریر کیجیے۔

---یا--- مقطع، تشبیہ، اور قافیہ میں سے کسی دو تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔

سوال ۷۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔

جملہ فعلیہ ۔ اسم مکبر ۔ مرکب نام ۔ مبتدا اور خبر

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ اور محاورات میں سے کسی تین کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

دور افتادہ ۔ کٹھن گھڑی ۔ ناک کٹوانا ۔ خوش نوری۔

(ج) مندرجہ ذیل کے مترادف لکھیے: بیش بہا ۔ خواہش ۔ آغاز ۔ تلخ۔

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) (۲۵)

سوال ۸۔ سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح سلیس اور بامحاورہ زبان میں [illegible]

قوم ایک درخت [illegible] ٹہنیاں اس کے مختلف خاندان ہیں اور اس کے پتے ہر ایک خاندان کے مرد و عورت۔ جب [illegible] ہے اس کی ٹہنیاں اور پتے بھی ہرے ہیں لیکن جب جڑ کو پانی نہ پہنچے گا ٹہنیاں اور پتہ سب سوکھ [illegible]

---یا--- سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو جملوں کی تشریح کیجیے۔

(۱) دیکھ وہ بے گناہ قیدی اندھیرے کنویں میں سات تہہ خانوں میں بند ہے۔

(۲) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا پیشہ بنایا ہے۔

(۳) کام سے سچا لگاؤ تھا اور اسی میں اس کی جیت تھی۔

(۴) رشتہ ایک خدائی پیوند ہے کہ ٹوٹ نہیں سکتا۔

سوال ۹۔ (الف) نظم کے عنوان و شاعر کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل جز کی تشریح کیجیے

وہ لو وہ آفتاب کی جدت وہ تاب و تب — کالا تھا رنگ دھوپ سے انکا مثال شب

خود نہر علقمہ کے بھی سوکھے ہوئے تھے لب — خیمے جو تھے حبابو کے تپتے تھے سب کے سب

اڑتی تھی خاک خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

---یا--- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال شاعر کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے

(۱) سرراہ شہادت (۲) دنیائے اسلام

(ب) نظیر اکبر [illegible] میں سے کسی ایک شاعر کے حالات زندگی کے بارے میں پیراگراف لکھیے۔

سوال ۱۰۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر [illegible] مضمون لکھیے:-

(الف) شجر کاری وقت کی اہم ضرورت (ب) میرا پسندیدہ سبزی

(ج) موبائل فون کے فائدے اور نقصانات